ادبیات

غزل

جناب آلم مظفر نگری

بن کے نالے ترجمانِ غم کہاں تک آگئے
دل کی ہر منزل سے گزرے اور زباں تک آگئے

ہم سفر کیا ذکر اس کا ہم کہاں تک آگئے
تھی وہی منزل ہماری ہم جہاں تک آگئے

واہ رے گرمیِ پروازِ جنوں قیدیِ غم
اُڑ گئے لے کر قفس اور آشیاں تک آگئے

کون روئے گا اُسے پینے سے میخانے میں آج
ہاتھ جس کے گردنِ رطلِ گراں تک آگئے

رازِ سربستہ چمن کے کچھ تو شبنم لے اُڑی
کچھ فسانے بن کے پھولوں کی زباں تک آگئے

خوابِ غفلت میں رہیں گے تابہ کے اہلِ چمن
برق کے شعلے حدودِ گلستاں تک آگئے

باادب رہنا ہے اب اے تابِ نظارہ تجھے
ان کے جلوے ہر حجابِ درمیاں تک آگئے

تھی عنایت کس کی یہ موجِ ہوائے فصلِ گل
چند برگِ گل اسیرِ آشیاں تک آگئے

قوتِ پرواز پر اپنی بھروسہ تھا جنھیں
دیکھ وہ ذرے زمیں سے آسماں تک آگئے

رقص کرکے شمع کے جلوے حدِ فانوس پر
بزم میں پروانۂ آتش بجاں تک آگئے

حشر تک سوتے رہیں گے قبر میں آرام سے
ہم تو اپنی منزلِ خوابِ گراں تک آگئے

اور کیا انجام ہوتا بحثِ حسن و عشق کا
ہم تمہاری تم ہماری داستاں تک آگئے

لالہ و گل سے بہاروں میں ٹپکتی ہے شراب
میکدے کھنچ کھنچ کے بزمِ گلستاں تک آگئے

تھی گریزاں موت اُن سے اے آلم یہ دیکھ کر
خود ہی اہلِ دردِ مرگِ ناگہاں تک آگئے